فوری ریلیز کے لیے: 2025/9/1 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL (ہوکل) نے 2024 میں شدید موسمی حالات اور دیگر قدرتی واقعات کے حوالے سے ریاست بھر میں امدادی کارروائیوں کی تفصیلات بیان کی ہیں

صدر Biden (بائیڈن) کی جانب سے بڑی قدرتی آفات کے چار اعلانات یقینی بنائے گئے

2024 کی ہنگامی امدادی کارروائی کی سرگرمیوں میں بڑا حصہ برفانی طوفانوں، سیلابی ریلوں، بگولوں، شدید گرمی، سمندری طوفانوں، جنگلاتی آگ، خشک سالی اور ایک زلزلے پر مشتمل رہا

32 بگولوں سے 1992 میں قائم ہونے والا 25 بگولوں کا ریکارڈ ٹوٹ گیا

ریاست نے مکمل سورج گرہن کے دوران ایک ملین سے زائد سیاحوں سے متعلقہ سرگرمیوں کی معاونت میں اہم کردار ادا کیا

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست نیو یارک نے گزشتہ سال کے دوران شدید موسم سے متعلق متعدد ہنگامی کیفیات اور آفات میں امدادی کارروائیاں انجام دی تھیں۔ ان میں 32 بگولے، جھیل کے اثر والی برفباری اور سرمائی موسم کے پانچ واقعات، شدید گرمی والے آٹھ دن، ایک زلزلہ، سمندری طوفان بیریل اور ٹراپیکل طوفان ڈیبی کی باقیات کی وجہ سے ریاست بھر میں آنے والے سیلابی ریلے، اگست میں سافک کاؤنٹی میں سیلاب کا ایک اور واقعہ، خشک سالی، اور موسمِ خزاں میں جنگلاتی آگ کے ایسے واقعات شامل ہیں کہ جس کے نتیجے میں نیو یارک کے مشرقی حصے میں کئی ہفتوں تک آگ بھڑکتی رہی تھی۔ ریاست، صدر Biden (بائیڈن) کی جانب سے ان موسمی واقعات سے متعلق بڑی قدرتی آفات کے چار اعلانات کروانے میں کامیاب رہی۔ اس کے علاوہ، ریاست کی جانب سے مکمل سورج گرہن کے دوران ردعمل کو منظم کیا گیا جس کے نتیجے میں نیو یارک کی جانب سیاحوں کی غیر معمولی تعداد کی توجہ مبذول ہوئی تھی نیز سمندری طوفانوں ہیلین اور ملٹن کے بعد شمالی کیرولینا، جنوبی کیرولینا، جارجیا، اور فلوریڈا کی ریاستوں کو معاونت فراہم کی گئی۔

"خواہ جنگلاتی آگ ہو، برفانی طوفان ہو یا ان دونوں کے درمیان کچھ بھی پیش آ جائے، نیو یارک کے شہریوں کو محفوظ رکھنے کے لیے میری انتظامیہ کی جانب سے ہمیشہ اپنی ہنگامی امداد کی مکمل صلاحیتیں متحرک کی جائیں گی،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "مسلسل تربیت، اپنے وسائل کا حجم بڑھانے اور ان کے استعمال میں تیزی لانے، اور ہمارے اولین امدادی کارکنان کی بے لوث وابستگی کی بدولت، ہم اس سب کے لیے تیار ہیں جو بھی قدرت کی طرف سے ہماری راہ میں حائل ہو گا۔"

13 جنوری سے شروع ہونے والے بڑے برفانی طوفان کئی دنوں تک جاری رہے تھے جن کے نتیجے میں مغربی نیو یارک اور شمالی ملک کے مختلف حصوں میں جھیل کے اثر کے تحت کئی فٹ تک برفباری ہوئی تھی۔ طوفان سے پہلے، گورنر Hochul (ہوکل) نے البانی میں ریاست کے ایمرجنسی آپریشن سینٹر (Emergency Operations Center) کو فعال کر دیا تھا اور مغربی نیو یارک کو عمومی مدد فراہم کرنے کے لیے نیو یارک نیشنل گارڈ (New York National Guard) سے 25 گاڑیوں کے ساتھ 100 فوجیوں اور فضائیہ کے اہلکاروں کو متحرک کیا تھا۔

22 سے 23 مارچ کے دوران، موسمِ سرما کے ایک طوفان کے نتیجے میں دارالحکومتی علاقے میں برفباری اور منجمد برف کی صورتِ حال پیدا ہوئی تھی، جس کے نتیجے میں دار الحکومتی علاقے میں تین چوتھائی انچ تک اونچی برف کی تہہ بن گئی تھی اور واشنگٹن اور سراٹوگا کاؤنٹیز میں دو فٹ یا اس سے زیادہ برفباری ہوئی تھی۔

5 اپریل کو نیو جرسی میں 4.8 شدت کا ایک زلزلہ آیا، جس کے بعد دو درجن سے زائد آفٹر شاکس محسوس کیے گئے تھے، جس کی وجہ سے ریاستی ایجنسیوں نے عوامی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے بنیادی ڈھانچے کے معائنوں کا کام انجام دیا تھا۔ ان میں محکمۂ آمد و رفت (Department of Transportation)، عوامی خدمت کا محکمہ (Department of Public Service)، میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی (Metropolitan Transportation Authority)، اور پورٹ اتھارٹی برائے نیو یارک اور نیو جرسی (Port Authority of New York and New Jersey) اور نیو یارک بجلی کی اتھارٹی (New York Power Authority) شامل تھیں۔

18 سے 21 جون کے درمیان سال کی گرمی کی پہلی لہر آئی، جس میں "محسوس ہونے والا" سب سے زیادہ درجۂ حرارت 110ºF ریکارڈ کیا گیا تھا، جو ایسیکس نیو یارک اسٹیٹ میسونٹ (Essex New York State Mesonet) کے مقام پر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ 15 سے 17 جولائی کے درمیان سب سے گرم ترین دن دیکھے گئے، جن میں ریاست بھر میں 16 جولائی کو درجۂ حرارت اپنی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا تھا۔ اس کے ردعمل میں ریاستی ایجنسیوں بشمول محکمۂ صحت (Department of Health)، بچوں اور خاندان کی خدمات کے دفتر (Office of Children and Family Services)، محکمۂ زراعت اور مارکیٹس (Department of Agriculture and Markets)، اور دیگر ایجنسیوں نے نیو یارک کے شہریوں کی صحت اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے سرگرمیاں انجام دیں۔

2024 میں ریاست نیو یارک میں ریکارڈ تعداد میں 32 تصدیق شدہ بگولے بھی دیکھے گئے، جنہوں نے ایڈن سے روم تک اور لانگ آئی لینڈ تک ریاست بھر کے مختلف مقامات کو متاثر کیا، اور 1992 میں قائم شدہ 25 بگولوں کا سابقہ ریکارڈ توڑ دیا تھا۔ صرف جولائی کے مہینے میں، 23 بگولوں کا مشاہدہ کیا گیا جو ریاست نیو یارک میں ایک ماہ میں تصدیق شدہ بگولوں کی سب سے زیادہ تعداد تھی۔

مقامی طوفانوں اور سمندری طوفانوں اور ٹراپیکل طوفانوں کی باقیات کے اثرات کی وجہ سے شدید سیلابی ریلوں نے ریاست کے کئی علاقوں کو متاثر کیا تھا، جن میں 10 جولائی کو سمندری طوفان بیریل، 9 اگست کو ٹراپیکل طوفان ڈیبی، اور 18 سے 19 اگست کے دوران سافک کاؤنٹی میں ریکارڈ حد تک بارش اور وسیع پیمانے پر سیلابی ریلے پیدا کرنے والے طوفان شامل ہیں۔ ان میں سے ہر طوفان کے نتیجے میں ایک بڑی آفت کا اعلان کیا گیا تھا، جن میں ٹراپیکل طوفان ڈیبی کے لیے دو اعلانات شامل ہیں۔ اس کے پیچھے کئی ریاستی ایجنسیوں کی محنت کارفرما تھی جنہوں نے مقامی حکومتوں کے ساتھ مل کر طوفانوں سے بحالی کے کام میں حصہ لیا تھا، جن میں وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی کی خدمات کا ڈویژن (Division of Homeland Security and Emergency Services)، محکمہ آمد و رفت، ریاست نیو یارک کی پولیس (New York State Police)، تھرو وے اتھارٹی (Thruway Authority) اور نیشنل گارڈ (National Guard) شامل تھے۔

ریاست نیو یارک نے 2024 میں بارش کی ایک تاریخی کمی کی وجہ سے ریاست بھر میں خشک سالی کے حالات کا سامنا کیا تھا۔ سینٹرل پارک اور لا گارڈیا ایئرپورٹ نے اپنی تاریخ کے سب سے خشک ترین اکتوبر کے مہینے ریکارڈ کیے، جبکہ آئیسلپ ایئرپورٹ نے اپنی تاریخ کے سب سے خشک ترین ستمبر اور اکتوبر کے مہینے ریکارڈ کیے۔ 18 نومبر کو، ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ (New York State Department of Environmental Conservation, DEC) کی جانب سے خشک سالی کی ایک ریاست گیر نگرانی کا اعلان کیا گیا تھا، اور ہڈسن ویلی، نیو یارک سٹی، اور لانگ آئی لینڈ کی 15 کاؤنٹیز کے لیے خشک سالی کی وارننگ جاری کی گئی جو کہ 2016 کے بعد بارش میں نمایاں کمی اور ندیوں کے بہاؤ اور زیر زمین پانی کی سطح میں کمی کی وجہ سے پہلی مرتبہ عمل میں آئی تھی۔ اس سال کی خشک سالی کے دوران، ریاست نیو یارک کی ایجنسیوں نے پانی کی کمی کا سامنا کرنے والی کئی میونسپلٹیوں کو مدد فراہم کی ہے۔ 3 جنوری 2025 کے مطابق، تمام کاؤنٹیز ریاست گیر خشک سالی کی حالت سے معمول کی سطح پر واپس آ گئی ہیں۔ خشک سالی کے حالات کے بارے میں معلومات DEC کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

خزاں کے موسم میں، ریاست نیو یارک نے اورنج اور السٹر کاؤنٹیز اور نیو جرسی کی ریاستی سرحد کے پار بھڑکنے والی جنگلاتی آگ سے نمٹنے میں مدد فراہم کی تھی۔ NYS کے آگ سے بچاؤ اور کنٹرول کے دفتر (Office of Fire Prevention and Control) نے امدادی کارروائیاں مربوط کی تھیں اور ریاست بھر کے 427 فائر ڈیپارٹمنٹس کے ساتھ کام کیا تھا، جنہوں نے 1,325 فائر فائٹرز بھیجے تھے، جو تقریباً تمام رضاکاروں ہی پر مشتمل تھے، تاکہ آگ بجھانے میں مدد کی جا سکے۔ 30 سے زائد DEC فاریسٹ رینجرز، جنگلاتی آگ بجھانے والے فائر فائٹرز، دیگر معاون عملے کے افراد، اور مونٹانا اور کولوراڈو سے آئے ہوئے فائر فائٹرز نے بھی آگ بجھانے میں مدد فراہم کی تھی۔

آخرکار، نومبر کے آخر اور دسمبر کے اوائل میں، مغربی نیو یارک اور شمالی ملک کے علاقوں میں جھیل کے اثر والی برفباری کے واقعات پیش آئے، جن کے نتیجے میں کئی فٹ برف پڑی۔

ان موسمی واقعات پر ردعمل دینے کے دوران وفاقی شراکت داروں کے ساتھ کام کرتے ہوئے، گورنر Hochul (ہوکل) نے شدید طوفانوں اور سیلابی واقعات کے لیے چار بڑی آفات کے اعلانات کروائے اور متاثرہ کمیونٹیز کے لیے کم سود والے قرضے فراہم کرنے کے لیے امریکی اسمال بزنس ایڈمنسٹریشن کی جانب سے (U.S. Small Business Administration) نو اعلانات یقینی بنائے۔ نومبر میں، گورنر Hochul (ہوکل) نے FEMA سے فائر مینجمنٹ اسسٹنس گرانٹ ڈیکلریشن (Assistance Grant Declaration) حاصل کیا تھا، جو جنگلاتی آگ سے نمٹنے کی کوششوں سے متعلق کچھ اخراجات پورے کرنے کے لیے وفاقی فنڈنگ فراہم کرے گا۔

موسمی واقعات کے علاوہ، ریاست نے 8 اپریل کو مکمل سورج گرہن کے لیے کثیر ایجنسی ایونٹ اور عوامی تحفظ کے آپریشنز کی منصوبہ بندی اور نگرانی کی تھی، جس میں تقریباً ایک ملین سیاحوں کی آمد شامل تھی جو نیاگرا فالز اور شمالی ملک سمیت نظارہ کرنے کے بنیادی مقامات پر نظارہ کرنے کے لیے آئے تھے۔ گورنر Hochul (ہوکل) نے تقریباً دو درجن ریاستی ایجنسیوں اور حکام پر مشتمل ایک انٹرایجنسی ٹاسک فورس تشکیل دی تھی، جس نے 18 ماہ تک اس ایونٹ کی تیاری کے لیے تعاون کیا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ہر کوئی محفوظ طریقے سے اس گرہن کے مشاہدے سے لطف اندوز ہو سکے۔

اکتوبر اور نومبر میں سمندری طوفان ہیلین اور ملٹن کے بعد، متعدد ریاستی ایجنسیوں کے 200 سے زائد ہنگامی انتظامی عملے کے ارکان نے شمالی کیرولینا، جنوبی کیرولینا، جارجیا، اور فلوریڈا میں موجود ہمارے ہمسایوں کی مدد کے لیے امدادی کارروائیاں انجام دی تھیں۔ اس ٹیم کے اراکین میں نیشنل گارڈ، ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات، محکمۂ آمد و رفت، محکمۂ تحفظِ ماحولیات، نیو یارک کی ریاستی پولیس، تھرو وے اتھارٹی، محکمۂ زراعت و مارکیٹس، دفتر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی کی خدمات، نیو یارک سٹی، اور السٹر اور مونٹگومری کاؤنٹیز کے عملے کے افراد شامل ہیں۔

<u>ریاستی ایجنسی کی جوابی کارروائیاں</u>

ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات: ریاست نیو یارک کے دفتر برائے ہنگامی انتظامات (Office of Emergency Management, OEM) نے 2024 کے دوران اپنی امدادی کارروائیوں کی جامع صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، جس دوران 16 ریاستی ایمرجنسی آپریشنز سینٹر کی تحریکی سرگرمیاں مربوط کیں اور مقامی شراکت داروں کے ساتھ فیلڈ کی متعدد تعیناتیوں کا انتظام کیا۔ NYS کی حادثے کی انتظامی ٹیم نے 2024 کے دوران سات تعیناتیاں انجام دی تھیں، اور OEM نے 14 بین الریاستی باہمی امدادی مشنز کی رابطہ کاری کا کام کیا تھا، جو اس بات کا اظہار ہے کہ نیو یارک کے پاس مقامی ہنگامی حالات کو سنبھالنے اور کثیر ریاستی آپریشنز کی معاونت کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔

ریاست نیو یارک کا محکمہ برائے صحتِ عامہ (New York State Department of Public Service) پوری ریاست نیو یارک میں نقصان کا اندازہ لگانے، ردعمل دینے، اور مرمت و بحالی کی کوششوں میں مصروفِ عمل رہنے والے، عام طور پر دستیاب تقریباً 5,500 یوٹیلیٹی کارکنوں کے علاوہ، نیو یارک کی یوٹیلیٹیز نے 2024 میں

طوفانی واقعات کے دوران ہونے والے بجلی کی تقریباً 2.7 ملین بندشوں سے نمٹنے میں مدد کے لیے معاہدے والے 35,000 سے زائد کارکنوں کو بھی شامل کیا تھا۔ ایجنسی کے عملے نے ان واقعات کے دوران یوٹیلیٹیز کے کام کی نگرانی کی اور اس بات کو یقینی بنایا کہ یوٹیلیٹیز کی جانب سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے علاقوں میں عملے کو مناسب تعداد میں منتقل کیا گیا ہے۔

ریاست نیو یارک کا محکمۂ آمدورفت (Department of Transportation, DOT)
DOT نے 2024 کے دوران ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے بھرپور انداز میں کام کیا تھا، جن میں جھیل کے اثر والے آٹھ شدید برفانی طوفان شامل تھے، جن میں سے دو جنوری اور نومبر میں بفلو بلز کے ہوم گیمز کے موقع پر پیش آئے تھے؛ اور ایک موسمِ بہار کا طویل مدتی طوفان تھا جس کے نتیجے میں ریاست کے مختلف حصوں میں برفباری، شدید بارش اور سیلابی ریلوں کا سلسلہ پھیل گیا تھا۔ محکمے نے اپریل اور جون میں اس خطے میں آنے والے زلزلوں کے بعد ریاست کے اہم بنیادی ڈھانچے کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے معائنہ کیا تھا؛ اور اپریل میں ایک مکمل سورج گرہن کے دوران ریاست بھر میں لاجسٹکس، ٹریفک، اور ہنگامی تیاری میں معاونت فراہم کی تھی؛ روم میں ایک تباہ کن بگولے کے بعد صفائی کی کوششوں میں حصہ لیا تھا؛ اور ٹراپیکل طوفان ڈیبی اور سمندری طوفان ہیلین کی وجہ سے ہونے والی شدید بارشوں کے بعد شمالی ملک، جنوبی سلسلے، مغربی نیو یارک، اور فنگر لیکس کے علاقے میں ریاستی شاہراہ کے نظام پر ہنگامی مرمتوں کے کام انجام دیئے تھے۔ اس کے علاوہ، اس محکمے نے کیٹ اسکلز میں جنگلاتی آگ اور لیک جارج کے نیرو آئی لینڈز میں گرے ہوئے درختوں کے سلسلے میں امدادی کارروائیوں میں دیگر ایجنسیوں کی معاونت کی تھی۔

ریاست نیو یارک کی تھرو وے اتھارٹی
شدید برفباری اور بارش سے لے کر زندگی میں ایک بار آنے والے ایک مکمل سورج گرہن تک، تھرو وے اتھارٹی نے سال بھر کے دوران تیزی اور مؤثر طریقے سے مسلسل امدادی کام انجام دیئے تھے، جبکہ اسی دوران ہر سال تھرو وے نظام پر انحصار کرنے والے کروڑوں ڈرائیورز کی حفاظت کو بھی یقینی بنایا گیا تھا۔ تھرو وے کی حفاظت اور قابل اعتماد ہونے کی صلاحیت کو برقرار رکھتے ہوئے تھرو وے کو درست حالت میں رکھنے کے لیے تھرو وے کے عملے کے افراد چوبیس گھنٹے کام کرتے ہیں، جس کی توقع اس کے صارفین کو ہوتی ہے، اور اسی مشن کو پورا کرنے کے لیے وہ ایک لمحے کے نوٹس پر ہر وقت تیار رہتے ہیں۔ اس سب کے دوران، ہمارے ملازمین اور صارفین کی حفاظت ہی تھرو وے اتھارٹی کی اوّلین ترجیح ہوتی ہے۔

نیویارک ریاستی پولیس
ریاستی پولیس کے ارکان نے 2024 کے دوران نیو یارک بھر میں اور جنوب مشرقی ریاست ہائے متحدہ میں پیش آنے والے اہم واقعات کے لیے قانون نافذ کرنے اور تلاش و بچاؤ کے وسائل فراہم کیے۔ 13 اور 14 جنوری کو مغربی نیو یارک میں اور 22 اور 23 مارچ کو دارالحکومتی علاقے میں آنے والے بڑے برفانی طوفان کے واقعات، اور موسمِ خزاں اور موسمِ سرما کے حالیہ جھیل کے اثر والے طوفان کے واقعات شامل ہیں۔ 8 اپریل کے مکمل سورج گرہن کے لیے ریاست بھر میں ٹریفک کے نظم و نسق اور قانون نافذ کرنے کا امدادی کام درکار تھا، اور ریاستی پولیس نے ان دونوں کے سلسلے میں وسائل فراہم کیے۔ جولائی اور اگست میں ٹراپیکل طوفانوں کی وجہ سے ہونے والے شدید سیلابی ریلوں کے واقعات میں وسائل کی ضرورت پیش آئی تھی، جن میں خاص طور پر تیز رفتار پانی کی ماہر ٹیمیں شامل تھیں تاکہ سیلاب میں پھنسے ہوئے رہائشیوں کو بچایا جا سکے۔ ریاستی پولیس کے ہنگامی انتظام اور تیز رفتار پانی سے بچاؤ کے وسائل کو شمالی کیرولینا پہنچایا گیا تھا تاکہ سمندری طوفان ہیلین کی وجہ سے شدید سیلاب سے متاثرہ رہائشیوں کی مدد کی جا سکے۔ گشت کرنے والا عملہ اور ہوابازی کے وسائل، جن میں بغیر پائلٹ کے فضائی نظام (Unmanned Aerial Systems) شامل ہیں، انہیں اکتوبر اور نومبر کے دوران جنگلاتی آگ کے پھیلاؤ کی مکمل مدت کے لیے تعینات کیا گیا تھا۔

ریاست نیویارک کا محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ (New York State Department of Environmental Conservation, DEC)
2024 کے دوران، DEC نے بے شمار ہنگامی واقعات میں امدادی کارروائیاں انجام دی تھیں، طوفانوں کے بعد فوری ماحولیاتی اجازت نامے جاری کیے تھے، اور جب بھی ہوا کے معیار کے خدشات پیدا ہوتے تو محکمۂ صحت کے ساتھ مل کر نیو یارک کے شہریوں کو اس کے بارے میں باخبر رکھا تھا۔ DEC کا ہنگامی انتظامی یونٹ اور دیگر ایجنسی

کے ہنگامی امدادی کارکنان نے کثیر ایجنسی والے 32 واقعات میں حصہ لیا تھا، جن میں جھیل کے اثر والے برفانی طوفان، سورج گرہن، روم میں بگولے، لانگ آئی لینڈ میں غیر معمولی بارشیں، اور شمالی کیرولینا کے سلسلے میں سمندری طوفان ہیلین کے لیے کی گئی متعدد درخواستیں شامل تھیں۔ صرف اکتوبر اور نومبر کے مہینے میں، DEC کے عملے نے جنگلاتی آگ کے 46 واقعات میں امدادی کارروائیاں کی تھیں، جن میں اورنج کاؤنٹی میں 5,304 ایکڑ پر مشتمل جیننگز کریک کی جنگلاتی آگ شامل تھی۔ DEC نے ریاست بھر میں پٹرولیم اور دیگر خطرناک مواد کے اخراج کی 10,450 کالز پر بھی امدادی کارروائیاں کی تھیں۔ شدید موسمی واقعات کے دوران جو فوری طور پر جان، صحت، املاک یا قدرتی وسائل کے لیے خطرہ بن سکتے ہیں، DEC کی جانب سے ہنگامی اجازت نامے جاری کیے جاتے ہیں تاکہ متعلقہ ہنگامی صورتحال میں بروقت امدادی کارروائی یقینی بنائی جا سکے۔ 2024 میں، DEC کی جانب سے کمیونٹیز کی تعمیرِ نو میں مدد کے لیے 182 ہنگامی اجازت نامے جاری کیے گئے تھے، جن میں زیادہ تر طوفان سے متعلقہ ہنگامی حالات کے حوالے سے تھے۔ DOH کے ساتھ مل کر، DEC کی جانب سے اس وقت صحت کے حوالے سے ہوا کے معیار سے متعلق ایڈوائزریز جاری کی جاتی ہیں جب DEC کے میٹریالوجسٹس یہ پیشین گوئی کریں کہ آلودگی کے درجات، خواہ وہ اوزون ہو یا باریک ذرات پر مشتمل مادے (PM2.5) ہوں، ان کی قدر ہوا کے معیار کے انڈیکس (Air Quality Index، AQI) میں 100 سے تجاوز کرنے کی توقع ہے۔ AQI آلودگی کا سبب بننے والے مختلف اجزاء کے درمیان ایک ہی پیمانے پر تعلق قائم کرنے کی غرض سے تخلیق کیا گیا تھا، اور AQI کی بلند سطح، صحت کے حوالے سے زیادہ خدشے کی نشاندہی کرتی ہے۔ 2024 میں، DEC نے صحت کے حوالے سے ہوا کے معیار سے متعلق 25 ایڈوائزریز جاری کی تھیں - جن میں سے 22 اوزون کے لیے تھیں۔ تین ایڈوائزریز جنگلاتی آگ کے دھویں کے نتیجے میں باریک ذرات کے لیے جاری کی گئی تھیں۔ ریاست نیو یارک نے شدید گرمی کے خطرات اور اثرات سے نمٹنے اور ان کے لیے منصوبہ بندی میں مدد کرنے کے لیے شدید گرمی کا ایکشن پلان بھی جاری کیا تھا، جو خاص طور پر ان پسماندہ کمیونٹیز کے لیے تھا جو شدید گرمی کے مضر صحت اثرات سے زیادہ دوچار ہوتی ہیں۔

ریاست نیو یارک کا دفتر برائے پارکس، تفریح اور تحفظ تاریخ

OPRHP کا عملہ اپریل میں مکمل سورج گرہن کے دوران ریاستی پارک کے نظام میں ایک بے مثال تعداد میں آنے والے سیاحوں کو محفوظ طریقے سے خوش آمدید کہنے کے لیے مکمل طور پر مصروفِ عمل تھا۔ 6 سے 9 اپریل کے دوران، سورج گرہن دیکھنے کے لیے نیو یارک کے ریاستی پارکس میں تقریباً ایک ملین سیاح جمع ہوئے تھے، جو 2023 کے انہی دنوں کے مقابلے میں سیاحوں کی موجودگی میں 45 فیصد سے زیادہ اضافہ ہے۔ صرف 8 اپریل کو، نیو یارک کے ریاستی پارکس میں 326,500 سے زیادہ سیاحوں کا خیرمقدم کیا گیا، جو کہ پچھلے سال میں سیاحوں کی موجودگی کے مقابلے میں 52 فیصد کا اضافہ تھا - اور 12 ریاستی پارکس اپنی بھرپور گنجائش تک بھر گئے۔ نومبر میں، پارک کی پولیس، ہنگامی انتظامات کے عملے اور آپریشنز کے عملے کے افراد نے اورنج کاؤنٹی میں اسٹرلنگ فاریسٹ ریاستی پارک میں جیننگز کریک کی جنگلاتی آگ پر قابو پانے کے لیے امدادی کارروائی کی تھی۔ اس آگ سے نیو یارک اور نیو جرسی میں مجموعی طور پر 5,304 ایکڑ رقبہ نذرِ آتش ہو گیا تھا - جس میں نیو یارک کے 3,021 ایکڑ شامل تھے۔ OPRHP کے ملازم، Dariel Vasquez (ڈیریل وازکِز)، فائر لائن بنانے کے کام میں معاونت کرتے ہوئے زخمی ہو گئے تھے اور بعد میں جانبر نہ ہو سکے تھے۔ سال بھر کے دوران، OPRHP کی جانب سے 12 مختلف طوفانی واقعات میں صفائی کے کام میں معاونت فراہم کرنے کے لیے آری چلانے والے عملے پر مشتمل کل 65 اسٹینڈ بائی ٹیموں کی تیاری کا انتظام کیا گیا تھا۔

ریاست نیو یارک کا محکمۂ صحت

ماحولیاتی تبدیلی کے ساتھ موسم بھی شدت اختیار کر لیتے ہیں، اور ریاستی محکمۂ صحت کو عوامی صحت، خاص طور پر کمزور طبقات پر اس کے اثرات کے حوالے سے تشویش لاحق ہوتی ہے۔ شدید گرمی کی مدت کے دوران، ریاستی محکمۂ صحت کی جانب سے نیو یارک کے تمام شہریوں، خاص طور پر سب سے زیادہ زد پذیر افراد کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے کئی اقدامات کیے گئے۔ محکمے کی جانب سے تمام ہسپتالوں اور نرسنگ ہومز کے ساتھ ہی ساتھ، ان عوامی تقریبات کے میزبانوں کو بھی رہنمائی فراہم کی گئی جن میں 5,000 سے زیادہ افراد شریک تھے۔ محکمے کی جانب سے کمیونٹی میں قائم شدہ تنظیموں اور دیگر فنڈ شدہ فراہم کنندگان کے ساتھ رابطہ کیا گیا تھا تاکہ شدید گرمی کے دوران کولنگ سینٹرز اور محفوظ مقامات تک رسائی بڑھائی جا سکے۔ محکمے کی جانب سے برفانی طوفانوں، بگولوں، سمندری طوفانوں، اور سیلابی ریلوں کے دوران اور بعد میں نگہداشتِ صحت کی سہولت گاہوں سے بھی رابطہ کیا جاتا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ انہیں عملے اور ضروری سامان تک رسائی

حاصل ہے۔ سمندری طوفان ہیلین نے شمالی کیرولینا میں قائم شدہ ایک بڑے مینوفیکچرر اور ہسپتالوں کے لیے انٹرا وینَس محلولوں اور ڈائلیسز سیال فراہم کرنے والے سپلائر کو شدید متاثر کیا تھا، جس کے نتیجے میں ملک بھر میں ان طبی سپلائیز کی ترسیل متاثر ہوئی تھی۔ محکمے نے ریاست بھر میں نگہداشتِ صحت کی سہولت گاہوں کے ساتھ کام کیا تاکہ جان بچانے اور زندگی محفوظ رکھنے والے ان محلولوں کی دستیابی کی نگرانی کی جا سکے اور قلت کے اثرات محدود کیے جا سکیں۔

ریاست نیو یارک کا محکمہ برائے زراعت و مارکیٹس
اہم معلومات، بشمول فارم کارکنان اور فارم کے مویشیوں پر شدید گرمی کے اثرات میں کمی لانے میں مدد کے لیے تدارکی اقدامات فراہم کیے گئے، جو کہ یہاں دستیاب ہیں۔ محکمے نے کارنیل یونیورسٹی میں نیو یارک ایکسٹینشن ڈیزاسٹر ایجوکیشن نیٹ ورک (New York Extension Disaster Education Network, NY EDEN) میں موجود شراکت داروں کے ساتھ بھی مل کر کام کیا تھا تاکہ شدید گرمی کے ممکنہ اثرات اور امدادی کام کی نگرانی کی جا سکے اور نیو یارک سینٹر فار ایگریکلچرل میڈیسن اینڈ ہیلتھ (New York Center for Agricultural Medicine and Health) کے ساتھ زرعی کمیونٹی کے لیے شدید گرمی پر ایک معلوماتی ویبینار کی مشترکہ میزبانی کی تھی۔

ریاست نیو یارک کا بچوں اور خاندان کی خدمات کا دفتر
ایجنسی کی جانب سے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے متعدد اقدامات کیے گئے کہ گرمی کے دوران رہائشی مراکز، حراستی پروگرامز، اور اجتماعی نگہداشت کے پروگرامز میں سرگرمیاں محفوظ طریقے سے انجام دی جائیں۔ ان اقدامات میں کولنگ کے سازوسامان کو چیک کرنا، وافر مقدار میں پانی کی دستیابی اور استعمال کو یقینی بنانا، سرگرمیوں اور میٹنگز کو دوبارہ شیڈول کرنا اور ایسے عملے اور کلائنٹس کی نشاندہی کرنا شامل تھا جنہیں گرمی سے متاثر ہونے کا زیادہ خطرہ لاحق تھا۔ ایجنسی کی جانب سے ریاست بھر میں نگہداشتِ اطفال کے پروگرامز اور کمیشن فار دی بلائنڈ (Commission for the Blind) سے منسلک گروپوں کو بھی رہنمائی فراہم کی گئی تھی۔

ریاست نیو یارک کا دفتر برائے عمر رسیدہ افراد (New York State Office for the Aging)
NYSOFA اور ایریا ایجنسیز آن ایجنگ (Area Agencies on Aging) کی جانب سے سردیوں کے طوفانوں، شدید گرمی کے واقعات، یا دیگر ہنگامی حالات سے پہلے معمر افراد کو اہم معلومات، آگاہی، اور معاونت فراہم کی جاتی ہے۔ اپنی آگاہی کی کوششوں کے حصے کے طور پر، معمر افراد کے نیٹ ورک نے ایک کمیونٹی شمولیتی پلیٹ فارم، بلومنگ ہیلتھ (Blooming Health) کے ساتھ شراکت داری کی ہے تاکہ ہزاروں معمر افراد اور نگہداشت کنندگان کے ساتھ روابط بہتر بنائے جا سکیں، جس میں ہنگامی اطلاعات اور وسائل کی معلومات شامل ہیں جو کئی زبانوں میں ٹیکسٹ میسج، وائس کالز، یا ای میل کے ذریعے فراہم کی جاتی ہیں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں